# 23-10-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆بی آر ایس کے کارگذار کے ٹی آر نے بے بنیاد اور توہین آمیز ریمارکس کرنے پر مرکزی وزیر و بی جے پی ایم پی بنڈی سنجے کے نام قانونی نوٹس جاری کی ہے۔

☆ڈیجیٹل کراپ سروے میں عدم شرکت پر معطل شدہ 160 اگریکلچر ایکسٹینشن آفیسرس کے معاملہ میں ریاست کے محکمہ زراعت میں تنازعہ پیدا ہو گیا ہے۔

☆جی ایچ ایم سی کمشنر ایلم بریتی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ اسٹراٹیجک روڈ ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت شروع کردہ فلائی اوور کے کاموں کو جنگی خطوط پر مکمل کیا جائے۔

☆وزیراعظم نریندر مودی اس ماہ کی 27 تاریخ کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے ذریعہ عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆☆☆☆☆

رامنا پیٹ منڈل کے دس مواضعات کے رہنے والے افراد کی جانب سے ضلع یادادری بھونگیر میں قائم کی جانے والی اڈانی کمپنی کی سیمنٹ فیکٹری کی سختی سے مخالفت کی جارہی ہے۔ دیہی افراد نے آج اڈانی سیمنٹ فیکٹری کے قیام کی مخالفت کی اور اس اندیشہ کا اظہار کیا کہ فیکٹری سے نکلنے والی دھول اور دھویں سے ان کی صحت متاثر ہوگی۔ مقامی افراد نے رامنا پیٹ میں ریالیاں نکالیں جبکہ تلنگانہ پولیوشن کنٹرول بورڈ کی جانب سے آج ایک عوامی سماعت منعقد کی جائے گی۔ لوگوں کی بڑی تعداد میں آمد کے پیش نظر اس علاقہ میں پولیس کی بھاری جمعیت کو متعین کیا گیا ہے۔ بی آر ایس پارٹی کے مقامی لیڈرس نے کہا ہے کہ وہ اس علاقہ میں فیکٹری کو قائم ہونے نہیں دیں گے کیوں کہ اس سے عوام کی جانوں کو خطرہ لاحق ہے۔ بی آر ایس کے سابق ارکان اسمبلی بشمول بھوپال ریڈی، جی کیشور کمار اور سری لنگیا کو مذکورہ عوامی سماعت میں شرکت سے باز رکھنے کیلئے گھر پر نظر بند کردیا گیا ہے۔ اسی دوران بی آر ایس پارٹی کے کارگذار کے ٹی راما راؤ نے مذکورہ لیڈروں کو نظر بند کئے جانے کی مذمت کی اور انہیں فوری رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ان کے خلاف بے بنیاد اور نامناسب ریمارکس ادا کرنے پر آج مرکزی وزیر و بی جے پی کے ایم پی بنڈی سنجے کے نام پر ایک قانونی نوٹس جاری کی ہے۔ کے ٹی آر نے بنڈی سنجے سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر اپنے بیانات واپس لیں اور ایک ہفتہ کے اندر غیر مشروط عوامی معذرت خواہی کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف فوجداری مقدمہ دائر کیا جائے گا۔ یہ تنازعہ اس وقت شروع ہوا جب بنڈی سنجے نے حال ہی میں میڈیا سے بات چیت کے دوران کے ٹی آر پر نشہ آور دواؤں اور غیر قانونی فون ٹیاپنگ میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا۔ سنجے نے یہ الزام بھی عائد کیا تھا کہ راما راؤ کی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے ساتھ خفیہ مفاہمت ہے تاکہ قانونی پیچیدگیوں سے محفوظ رہا جاسکے۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے کہا کہ مذکورہ الزامات سے عوام گمراہ ہوسکتے ہیں اور غلط فہمی پھیل سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے آج بھارت برانڈ کی چنے کی دال کی فروخت کے دوسرے مرحلہ کو خارج کردیا ہے۔ یہ دال نیشنل کوآپریٹو کنزیومرس فیڈریشن آف انڈیا اور نیشنل اگریکلچرل کوآپریٹو مارکٹنگ فیڈریشن آف انڈیا لمیٹیڈ کی جانب سے فروخت کی جانے والی تھی۔ دالوں سے لدی گاڑیوں کو جھنڈی دکھانے کے دوران امور صارفین کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ کیندرا بھنڈار کی موبائیل گاڑیوں میں بھارت چنے کی دال ستر روپئے فی کیلو اور چنا 58 روپئے فی کیلو کے حساب سے فروخت کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح بھارت مونگ دال کی قیمت 107 روپئے فی کیلو جبکہ مسور دال 89 روپئے فی کیلو مقرر کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

عمارت وشوارع اورقومی شاہراہوں کے مرکزی وزیرنتن گڈکری نے آج اس بات کی ضرورت پر زوردیا ہے کہ ہندوستان کے سالانہ 22لاکھ کروڑ روپئے مالیاتی تیل کی برآمد کوکم کرنے کی ضرورت ہے۔نئی دہلی میں آج انجینئرنگ ایسیٹ مینجمنٹ کی اٹھارہویں عالمی کانگریس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ملک کو پانچ ٹریلین ڈالرکی معیشت بنانے کیلئے وزیراعظم نریندرمودی کے خواب کو پورا کرنے کے لئے ٹیکنالوجی کا اہم کردار ہوگا۔گڈکری نے ریسرچ پرمبنی امور پر زور دیتے ہوئےمشورہ دیا کہ اثاثہ جات کے معیارکو برقرار رکھنے کیلئے ایک میکانزم تیار کیا جانا چاہئے۔

☆☆☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد(جی ایچ ایم سی ) کے کمشنرایلم برتی نے عہدیداروں کوہدایت دی ہے کہ اسٹراٹیجک روڈ ڈیولپمنٹ پلان کے تحت شروع کردہ فلائی اوور کے کاموں کوجنگی خطوط پرمکمل کیا جائے۔جی ایچ ایم سی کے کمشنر نے حیدرآباد میٹروپولیٹین ڈیولپمنٹ اتھارٹی(ایچ ایم ڈی اے ) کے کمشنرسرفراز احمد کے ہمراہ آج شلپا لے آؤٹ مرحلہ دوم کے فلائی اوور اور آرام گھر تازوپارک فلائی اوور کے کاموں کا معائنہ کیا۔جی ایچ ایم سی کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق ایلم برتی میں متعلقہ عہدیداروں کو یہ ہدایت بھی دی کہ آرام گھر۔زوپارک فلائی اوور کے کاموں کوجلد مکمل کرنے کیلئے زمینات کی حصولی کا کام مکمل کرلیا جائے۔ریلوے کے عہدیداروں سے بھی یہ خواہش کی گئی ہے کہ بنا کسی تاخیر کے شاستری پورم ریلوے اوور برج کے کاموں کومکمل کیا جائے۔انجینئرنگ آفیسرس کوبھی ہدایت دی گئی کہ نامکمل فلائی اوور کے کاموں کوجنگی خطوط پرمکمل کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

ڈیجیٹل کراپ سروے میں شرکت نہ کرنے پر 160اگریکلچرایکسٹینشن آفیسر کی معطلی نے ایک بڑااحتجاجی رخ اختیار کرلیا ہے۔ان عہدیداروں کاتعلق تلنگانہ کے محکمہ زراعت سے ہے۔ان عہدیداروں کی ریاستی کمیٹی نے اس سلسلہ میں اقدامات کیلئے عجلت میں ایک اجلاس طلب کیا ہے۔محکمہ سے تعلق رکھنے والے تمام اگریکلچر ایکسٹنشن آفیسرس پرزوردیا گیاہے کہ وہ معطل شدہ اپنے ساتھیوں سے اظہاریگانگت کا مظاہرہ کریں۔اے ای اوز کی ریاستی کمیٹی نے تمام ارکان سے جدوجہد کرنے کی اہمیت کوسمجھنے پرزوردیا ہے تاکہ ان کے مفادات کاتحفظ ہوسکے۔کمیٹی کے لیڈرس کی جانب سے متعلقہ وزیر،سکریٹری اورکمشنرس کے ساتھ میٹنگ منعقد کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد پولیس کمشنرسی وی آنند نے آج پینتیس پولیس ملازمین اورعملہ کومبارک باد دی جنہوں نے تلنگانہ پولیس ڈیوٹی میٹ 2024میں بہترین مظاہرہ کیا۔پولیس کمشنر نے ان ملازمین کونقد انعامات عطا کئے۔ڈیوٹی میٹ 14 سے 19اکتوبر تک پولیس اکیڈیمی میں منعقد ہوئی۔علحدہ تلنگانہ قیام کے بعد پہلی مرتبہ یہ پروگرام منعقدہوا۔حیدرآبادسٹی پولیس نے پانچ گولڈمیڈل،دوسلور اور پانچ برانز میڈل جیتے۔آنند نے کہا کہ اس طرح کے ڈیوٹی میٹ پروگراموں سے صلاحیت کوابھارنے میں مددملتی ہے جبکہ انہوں نے پولیس عہدیداروں اورعملہ سے کہا کہ سخت محنت کرتے ہوئے اگلی پولیس ڈیوٹی میٹ میں زیادہ سے زیادہ میڈلس حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

☆☆☆☆☆

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے طوفان ''دانا'' کے پیش نظر مسافرین کی سہولت کیلئے ہیلپ لائن نمبر جاری کئے ہیں۔احتیاطی طور پر ایسٹ کوسٹ ریلوے کی جانب سے کئی ٹرینوں کارخ موڑ دیا گیااورمنسوخ کردیا گیا۔حیدرآباد کے لئے ہیلپ لائن نمبر 9063330400 اور سکندرآباد کے لئے 040 - 27786140 اور 27786170 دیا گیاہے۔

☆☆☆☆☆

ضلع جگتیال کے موضع جبتا پور میں گنگاریڈی نامی ایک شخص کے قتل کے ملزم سنتوش گوڑکوآج پولیس نے گرفتار کرلیا۔اطلاعات کے مطابق ملزم کے خلاف ایک مقامی پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی گئی تھی اور پولیس اس سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔رنگاریڈی،کانگریس ایم ایل سی جیون ریڈی کا قریبی شخص سمجھا جاتا ہے۔جیون ریڈی نے اس معاملہ میں پولیس کی ناکامی کے خلاف کل احتجاج کیا تھا۔انہوں نے حکومت سے ملزم کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔پولیس نےقتل میں استعمال کردہ ہتھیارکوضبط کرلیا ہے۔پولیس نے ملزم کے ساتھیوں سے رابطہ کرتے ہوئے اسے گرفتار کیا۔

گوشہ محل میں چاکنا واڑی کے قریب آج صبح سڑک کا ایک حصہ منہدم ہوگیا۔اس واقعہ سے مقامی افراد اور راہگیروں میں ہراسانی پھیل گئی ۔تاہم اس واقعہ میں کوئی زخمی نہیں ہوا۔مقامی واقعہ پرعوام کی کثیر تعداد جمع ہوگئی جبکہ صورتحال پر قابو پانے کیلئے پولیس کوطلب کرلیا گیا۔جی ایچ ایم سی کے عہدیداروں نے مقام واقعہ کا معائنہ کیا اور سڑک منہدم ہونے کے واقعہ کی تحقیقات شروع کی ہے۔اس علاقہ میں سڑک منہدم ہونے کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔گوشہ محل کے ایم ایل اے راجہ سنگھ نے مقام واقعہ کا معائنہ کیا اوراس واقعہ کے لئے جی ایچ ایم سی کوقصوار قرار دیا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی اس ماہ کی 27 تاریخ کواپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے ذریعہ عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔اس ماہانہ پروگرام کی یہ 115ویں قسط ہوگی۔عوام ٹال فری نمبر 1800 11 7800 پر اپنے خیالات اور تجاویز پیش کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆